Australian Government
Department of Home Affairs

COVID-19 کی جانچ اور علاج

اگرچہ آپ کے پاس ویزا نہ بھی ہو، یا آپ کو اپنے ویزا کی حیثیت پختہ طور پر معلوم نہ ہو، تب بھی آپ کو صحت عامہ کی ہدایات پر عمل کرنا چاہئے۔ آپ اگر آپ بیمار محسوس کررہے ہیں، تو طبی امداد حاصل کریں اور COVID-19 کا ٹیسٹ کروائیں۔

ریاستی اور علاقائی حکومتیں COVID-19 کی ٹیسٹنگ اور علاج مفت فراہم کر رہے ہیں۔

- آسٹریلوی دارالحکومت علاقہ
- نیو ساؤتھ ویلز
- شمالی علاقہ جات
- کوئینز لینڈ
- جنوبی آسٹریلیا
- تسمانیہ
- وکٹوریہ
- مغربی آسٹریلیا

میرے پاس ایک وزٹر ویزا یا الیکٹرانک ٹریول اتھارٹی (ETA) ہے

وزٹر ویزے اور ETAs سے آسٹریلیا میں محض عارضی طور پر قیام کی اجازت ملتی ہے۔ اگر آپ آسٹریلیا میں قیام کے دوران اپنی کفالت کرنے سے قاصر ہیں تو آپ کو وہاں سے روانہ ہونے کے انتظامات کرنے چاہئے، جہاں آپ جاسکتے ہیں۔ آپ کو آسٹریلیا چھوڑنے کے لئے سفری استثنیٰ کے لئے درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ اپنے آبائی ملک واپس نہیں لوٹ سکتے، تو آپ کے لئے درست ویزا رکھنا اور ضرورت پڑنے پر طبی مشورہ طلب کرنا ضروری ہے۔

یہ جانچ کرنا کہ میرے ویزا کی میعاد کب ختم ہوگی

اگر آپ اپنے قیام کی منظور شدہ مدت ختم ہونے کے بعد بھی آسٹریلیا میں موجود ہیں، تو آپ کا وزٹر ویزا یا ETA خود بخود ختم ہوجائے گا۔

آپ درج ذیل طریقوں سے جانچ کرسکتے ہیں:

- اپنے ویزا کی تفصیلات VEVO، myVEVO app میں، اپنے ویزا گرانٹ لیٹر میں یا اپنے ImmiAccount میں چیک کر سکتے ہیں۔
- اپنی ETA کی میعاد ختم ہونے اور ان شرائط کو ہماری ETA چیک کریں سروس کے ذریعہ چیک کرسکتے ہیں۔

نوٹ: اگر آپ راؤنڈ ٹرپ کروز پر آسٹریلیا سے روانہ ہوئے تھے اور واپس لوٹ آئے ہیں، تو آپ کا جتنا وقت کروز میں گزرا ہوگا اسے آسٹریلیا میں گزرا وقت ہی شمار کیا جائے گا- یعنی، ہم یہ شمار نہیں کریں گے کہ آپ آسٹریلیا سے روانہ ہوئے تھے۔ راؤنڈ ٹرپ کروز سے آپ کے ویزے کی قیام کی مدت دوبارہ ترتیب نہیں ہوگی۔ اپنے کروز آپریٹر یا ٹریول ایجنٹ سے پوچھیں کہ کیا ہم آپ کے کروز کو راؤنڈ ٹرپ کروز سمجھتے ہیں یا نہیں۔

میرے ویزا کی میعاد میں توسیع

آسٹریلیائی امیگریشن سے متعلق قانون کے تحت، وزٹر ویزا یا ETA کی میعاد میں توسیع کرنا ممکن نہیں ہے۔

اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو نئے ویزا کے لئے درخواست دینا لازمی ہے۔

بیشتر حالات میں، اگر آپ اپنی کفالت کرسکتے ہیں، تو آپ آسٹریلیا میں بطور وزٹر (سیاح زمرہ) رہنے کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ پہلے ہی آسٹریلیا میں نئے وزٹر ویزا کی درخواست دے چکے ہیں تو یہ لنک ملاحظہ کریں وزیٹر ویزا پروسیسنگ کے انتظامات ۔

اگر آپ کے وزٹر ویزا کی میعاد ختم ہو رہی ہے، سفری پابندیوں کی وجہ سے آپ اپنے گھر واپس نہیں لوٹ سکتے اور آپ دوسرے ویزا کے تقاضوں کو پورا نہیں کرسکتے ہیں تو، آپ COVID-19 کی وباء کا ویزا حاصل کرنے کے اہل ہوسکتے ہیں۔ آپ کو یہ بتانا ہوگا کہ آپ بشمول وزٹر ویزا، دوسرے ویزا کے تقاضوں کو کیوں پورا نہیں کرسکتے ہیں۔ اس کے لئے یہ بیان اور ثبوت دیا جا سکتا ہے کہ آپ کے پاس نئے ویزا کی درخواست کی فیس (VAC) ادا کرنے کے لئے خاطر خواہ رقم نہیں ہے۔

اگر آپ کا وزیٹر ویزا ختم ہورہا ہے اور آپ کے پاس کسی COVID-19 سے متعلق اہم صنعت کے شعبے میں ملازمت کی آفر ہے تو، آپ COVID-19 کی وباء کا ویزا کے بھی اہل ہوسکتے ہیں۔ ان شعبوں میں زراعت، فوڈ پروسیسنگ ، صحت، عمر رسیدہ اور معذور افراد کی دیکھ بھال اور بچوں کی دیکھ بھال شامل ہیں۔

آپ یہ بھی کر سکتے ہیں دوسرے ویزا کے اختیارات دریافت کریں ۔

نئے ویزا کے لئے درخواست دینا

ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ:

- جہاں بھی ممکن ہو، ImmiAccount کے ذریعہ درخواست دیں
- اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے 4 ہفتوں پہلے درخواست نہ دیں۔

نئے ویزا کے لئے درخواست دیتے وقت بریجنگ ویزا دیا جاسکتا ہے، جو آپ کے آسٹریلیا میں اس وقت تک آپ کی قانونی حیثیت بحال رکھے گا جب تک کہ آپ کے نئے ویزا درخواست پر فیصلہ نہ کیا جائے۔

اگر آپ کے ویزا کے ساتھ 'مزید قیام کی ممانعت کی شرط' لگی ہوئی ہے، تو آپ کو دوسرے ویزا کے لئے درخواست دینے سے پہلے اس شرط سے چھوٹ پانے کی درخواست دینی ہوگی۔

اگر آپ کے ویزا کی میعاد پہلے ہی ختم ہوگئی ہے تو، آپ اپنے موجودہ سبسٹینٹو ویزا کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ کے اندرون 28 دن، مزید وزیٹر ویزا کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں میرا ویزا ختم ہوچکا ہے ۔

کام کرنا

وزٹر ویزا اور ETA حاملین کو آسٹریلیا میں کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

ویزا کی شرائط

محکمہ یہ تسلیم کرتا ہے کہ COVID-19 کی سفری پابندیوں کی وجہ سے بعض بین الاقوامی مسافروں کو اپنے منصوبے کے مطابق آسٹریلیا سے روانہ ہونے یا اپنے ویزا کی شرائط کو پورا کرنے میں مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں۔ آئندہ کسی بھی درخواست پر غور کرتے وقت ہم اس بات کو دھیان میں رکھیں گے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ آپ کے اختیار سے باہر کے حالات آپ پر اثر انداز نہ ہوں۔

وزٹر ویزا کے حاملین کے لئے آسٹریلیا میں ویزا کی درج ذیل شرائط لاگو ہوسکتی ہیں:

مزید قیام کی ممانعت کی شرط (جس میں 8503، 8534 اور 8535 شامل ہیں)

اگر آپ کے پاس مزید قیام کی ممانعت سے مشروط ویزا ہے توجب تک کہ اس شرط سے چھوٹ نہ دی جائے، آپ آسٹریلیا میں بیشتر دوسرے ویزوں کے لئے درخواست نہیں دے سکتے۔

اگر آپ دوسرے ویزا کی درخواست دینا چاہتے ہیں اور آپ کے ویزا کی میعاد 4 ہفتے سے کم مدت میں ختم ہوجائے گیتو آپ کو اس شرط سے چھوٹ دئے جانے کی درخواست دینی ہوگی۔

اگر آپ کی درخواست منظور ہوجاتی ہے، تو اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو نئے ویزا کے لئے درخواست دینی چاہئے۔

شرط 8531 (قیام کی مدت ختم ہونے کے بعد لازمی طور پر آسٹریلیا میں رہنا نہیں چاہئے)

اس شرط سے رعایت نہیں دی جاسکتی، تاہم یہ آپ کو دوسرے ویزا کی درخواست دینے سے نہیں روکتی ہے۔

اگر آپ کے پاس شرط 8531 والا ویزا ہے تو اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو نئے ویزا کے لئے درخواست دینی چاہئے۔

شرط 8558 (کسی بھی 18 مہینے کے عرصے میں 12 مہینے سے زیادہ مدت تک آسٹریلیا میں قیام نہیں کرسکتے)

اس شرط سے رعایت نہیں دی جاسکتی، تاہم یہ آپ کو دوسرے ویزا کی درخواست دینے سے نہیں روکتی ہے۔

اگر آپ کے پاس شرط 8558 والا ویزا ہے، تو اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے آپ کو نئے ویزا کے لئے درخواست دینی چاہئے۔

اگر آپ اپنے قیام کی منظور شدہ مدت ختم ہونے کے بعد بھی آسٹریلیا میں موجود ہیں تو آپ کا ویزا خود بخود ختم ہوجائے گا۔

اگر آپ 18 مہینے کے عرصے میں 12 مہینوں سے زیادہ مجموعی مدت تک قیام کر چکے ہیں (جب تک کہ آپ نے کسی ایک سفر میں اپنے قیام کی مدت سے تجاوز نہیں کیا ہو) تو آپ کا ویزا خود بخود ختم نہیں ہوگا۔

وزٹر ویزا پر کارروائی کے انتظامات

COVID-19 کی وجہ سے ویزا پر کارروائی کے کچھ اوقات متاثر ہوئے ہیں اور درخواستیں مکمل کرنے میں زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

آپ کے آسٹریلیا میں وزٹر ویزا کے لئے درخواست دینے پر آپ کو بریجنگ ویزا دیا جائے گا۔ اگر آپ کی درخواست پر ہمارے فیصلہ کرنے سے پہلے آپ کےموجودہ ویزا کی میعاد ختم ہوجاتی ہے تو بریجنگ ویزا کی میعاد شروع ہو جائے گی۔ اس سے یہ یقینی ہو جائے گا کہ آپ کا قیام قانونی طور پر درست ہے۔

آپ کے نئے ویزا کی درخواست پر کارروائی کرنے کے دوران آپ بریجنگ ویزا پر آسٹریلیا میں رہ سکتے ہیں۔ آپ کو بریجنگ ویزا تفویض کئے جانے کی اطلاع ملنے میں تاخیر کا سامنا ہوسکتا ہے۔ اگر آپ نے اپنے موجودہ ویزا کی میعاد ختم ہونے سے پہلے نئے وزٹر ویزا کے لئے درخواست دے دی تھی تو آپ کو اپنی قانونی حیثیت کے بارے میں فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں، چاہے ہم نے ابھی تک آپ کو بریجنگ ویزا تفویض کئے جانے کی اطلاع نہ بھی بھیجی ہو۔

اگر ہمیں مزید معلومات درکار ہوں یا ہم اپنا فیصلہ کر لیا ہو تو ہم آپ کو بتا دیں گے۔

اگر ہمارے فیصلہ کرنے سے پہلے آپ آسٹریلیا سے روانہ ہوجاتے ہیں تو آپ اپنی درخواست واپس لے سکتے ہیں۔

ہمارے پیغامات کی جانچ کے لئے، اپنی تفصیلات اپڈیٹ کرنے کے لئے، ہمیں یہ بتانے کے لئے کہ آپ سے اپنی درخواست میں کوئی غلطی ہو گئی ہے یا اپنی درخواست واپس لینے کے لئے اپنے ImmiAccount کا استعمال کریں۔

خدمات میں رکاوٹیں

ویزا کی درخواست کے عمل سے تعلق رکھنے والی چند خدمات COVID-19 کی وجہ سے متاثر ہوسکتی ہیں اور ہو سکتا ہے کہ بہت ساری ایسی خدمات جن پر ہم منحصر ہیں (جیسے طبی معائنہ) وہ مختصر مدت کے لئے دستیاب نہ ہوں۔ ایسی صورت میں آپ کو جانچ مکمل کرانے اور مطلوبہ معلومات فراہم کرنے کے لئے مزید وقت دیا جائے گا۔

مزید معلومات کی فراہمی

اگر آپ سے مزید معلومات فراہم کرنے کو کہا گیا ہو، تو جلد از جلد، ہمیں یہ مطلوبہ معلومات اپنے ImmiAccount کے ذریعہ ارسال کریں۔

آپ کو دی گئی مدت میں اگر آپ مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کرسکتے ہیں، تو اپنے ImmiAccount میں اس کی وضاحت اپ لوڈ کریں۔ آپ کے ویزا کی درخواست پر غور کرتے وقت کسی بھی طرح کی خدمات کی رکاوٹوں کو ہم زیر غور لائیں گے۔ اگر آپ کی درخواست پر فیصلہ کرنے سے پہلے مزید معلومات کی ضرورت ہوئی تو ہم آپ سے دوبارہ رابطہ کریں گے۔

طبی معائنوں کے لئے اپائنٹمنٹ لینا

اگر آپ کو اپنے ویزے کے لئے طبی معائنہ کروانے کی ضرورت ہوئی تو ہم آپ کو بتا دیں گے۔ اگر آپ جواب دینے کے لئے مطلوبہ مدت میں بوپا میڈیکل ویزا سروس سے اپائنٹمنٹ حاصل کرنے سے قاصر ہیں، یا اگر آپ کی اپائنٹمنٹ منسوخ کر دی گئی ہے، تو:

- اپنے ImmiAccount میں اس کی وضاحت اپ لوڈ کریں
- جہاں ممکن ہو، اگلی دستیاب تاریخ میں اپائنٹمنٹ حاصل کریں

- جیسے ہی آپ کو اپائنٹمنٹ مل جائے تو، ہمیں اپنے ImmiAccount کے ذریعہ اپنی مقررہ اپائنٹمنٹ کی تاریخ کے بارے میں مطلع کریں۔

آپ کے ویزا کی درخواست پرغور کرتے وقت کسی بھی خدمت کی تاخیر یا پابندی کو ہم زیر غور لائیں گے۔ اگر آپ کی درخواست پر فیصلہ کرنے سے پہلے مزید معلومات کی ضرورت ہوئی تو ہم آپ سے دوبارہ رابطہ کریں گے۔